ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ
پریس ریلیز ((705

30-12-2021

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر نیو ایئر نائٹ کے حوالے سے سیکیورٹی انتظامات مکمل، ضلع میں 62 پکٹس قائم ہونگیں، جن پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 800 کے قریب پولیس افسران واہلکاران تعینات ہونگے۔ڈولفن اسکواڈ، محافظ اسکواڈ، ایلیٹ فورس ،ٹریفک پولیس اور سادہ کپڑوں میں اہلکاران بھی اپنے فرائض سرانجام دینگے، قانون کو ہاتھ میں لینے کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی ، ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ، ہلڑ بازی، آتش بازی اور دیگر قانون شکنی کرنے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ نیو ائیر نائٹ کے موقع پر ضلع بھر میں ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 800 کے قریب پولیس افسران واہلکاران کے ساتھ ساتھ ٹریفک پولیس، ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ، محافظ اسکواڈ اور شہر وضلع بھر کے مختلف مقامات پر قائم کی گئیں 62 پکٹ ہائے/ پوائنٹس پر ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ڈی پی او نے کہا ہے کہ نیو ایئر نائٹ کے موقع پر ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ، ہلڑ بازی اور آتش بازی کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کے تحت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ٹریفک پولیس کا عملہ اہم رش والی جگہوں، چوکوں اور پلازوں و دیگر اہم پوائنٹس پر الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دیں اور ٹریفک کے بہاؤ کو یقینی بنائیں۔ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز جاری کردہ سکیورٹی پلان پر ہر صورت عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔زہریلی شراب کی تیاری اور خرید وفروخت کے علاوہ استعمال کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔نشہ آور اشیاء خصوصاً شیشہ کے استعمال اور خرید وفروخت کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائیاں کی جائیں۔جبکہ موٹر سائیکلوں کے سلنسر نکالنے والوں کے خلاف بھی ایکشن لیا جائے، سکیورٹی آرڈر کا مقصد لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کو کنٹرول میں رکھنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ون ویلنگ اور شراب پی کر غل غپاڑہ کرنے والے افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔شرپسند، تخریب کار، شدت پسند عناصرز اور دہشتگردوں پر کڑی نظر رکھی جائے، اس بارے میں کسی بھی معلومات کی صورت میں افسران فوری طور پر موقع پر جا کر کارروائی کریں۔امن عامہ میں خلل ڈالنے والوں پر کڑی نظر رکھیں اور ان کے خلاف حسب ضابطہ قانونی کارروائی عمل میں لائیں۔انچارج ایلیٹ، انچارج ڈولفن اسکواڈ، انچارج محافظ اسکواڈ نیو ائیر نائٹ کو اپنی ٹیموں کے ساتھ موجود رہیں گے۔ نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے اور کسی بھی ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے اس نمبر پر 062-9250363 یا ریسکیو 15 پر کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((706

30-12-2021

بہاول پور() پولیس کی منشیات فروشوں،قمار بازوں اورغیرقانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، متعددملزمان گرفتار، منشیات،ناجائز اسلحہ اورداؤ پر لگی رقم برآمد،مقدمات درج۔قانون شکنی کرنے والے عناصرکسی رعایت کے مستحق نہیں،انہیں گرفتار کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچا کرعوام کوزیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچایا جائے گا،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔پولیس تھانہ بغداد الجدید نے قمار بازوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان رشید احمد،محمد صابر،محمد اظہر اور محمد رفیق کو گرفتار کرلیا،جن کے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم اور تاش کے پتے برآمد کر لیے۔پولیس تھانہ کینٹ،صدر یزمان اورسٹی حاصل پورنے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان محمد امجد،شیر زمان،محمد رئیس،محمد جابر اور محمد سجاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 161 لیٹر شراب،25 لیٹر لہن اور 01 چالو بھٹی برآمد کر لی، پولیس تھانہ عنایتی،سٹی حاصل پوراورقائم پورنے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان یاسر علی،محمد علی،ملازم حسین اوراللہ رکھا کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔پولیس تھانہ اوچ شریف نے منشیات فروش ملزم محمد طارق کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 260 گرام چرس برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قانون شکنی کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں،انہیں گرفتار کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچا کرعوام کوزیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچایا جائے گا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: پولیس کی منشیات فروشوں،قمار بازوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں،متعدد ملزمان گرفتار،مقدمات درج۔